# خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرآنَ وَعَلَّمَہٗ

## ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے اختتام پر
## ناظم شعبہ خط وکتابت کورسز کا خطاب

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم …… امّا بعد:

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝﴾ …… صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیْمُ

**عزیز طلبہ وطالبات!**

سب سے پہلے تو میں آپ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ آپ نے ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس مکمل کر لیا ہے۔ اس سے آپ کو قرآن وحدیث اور عربی کا مزید علم حاصل ہوا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ آخرت میں آپ کے بہت کام آئے گا۔

اب میں آپ کو یاد کرانا چاہتا ہوں کہ اس کورس کے بعد آپ کا فرض کیا ہے۔ یہ کورس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ۱۹۸۸ء میں شروع کرایا تھا اور اس کا مقصد دعوتِ رجوع الی القرآن ہے۔

آپ نے اس کورس میں دو حدیثیں پڑھی ہیں:

۱) بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آیَۃً ۲) خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَہٗ۔

میں نے یہ کورس چیف انجینئر (ر) پاکستان ریلوے کے عہدے سے ریٹائرمنٹ کے بعد ۱۹۹۱ء میں کیا۔ اُس وقت یہ کورس قرآن کالج میں ہوتا تھا۔ کورس کرنے کے بعد میرے دل میں داعیہ پیدا ہوا کہ درسِ قرآن شروع کروں۔ شیطان نے دل میں فوراً وسوسہ ڈالا کہ تم کون سے عالم ہو' یہ ذمہ داری نہیں نبھا سکو گے' تو یہ حدیث میرے ذہن میں آئی ((بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آیَۃً))

دوسرا مرحلہ یہ تھا کہ درس قرآن کہاں شروع کیا جائے؟ آپ کسی مسجد میں جا کر درسِ قرآن شروع نہیں کر سکتے۔ وہاں آپ کو آسانی سے درس کی اجازت نہیں ملے گی۔ میں نے اس کا حل یہ نکالا کہ ہمارے خاندان کی لاہور میں سات فیملیز رہتی ہیں۔ ہر چھٹی والے دن یعنی اتوار کو عصر سے مغرب تک درسِ قرآن باری باری گھروں میں ہوتا تھا جس میں پوری فیملیز شامل ہوتی تھیں۔ اس میں میں نے منتخب نصاب بیان کیا۔ کوئی دو سال کے عرصہ میں یہ مکمل ہوا۔ درس کے بعد refreshments بھی ہوتی تھیں۔

اس کے بعد مجھے قرآن اکیڈمی کی مسجد میں ہر اتوار کو صبح کی نماز کے بعد درس دینے کی اجازت دی گئی اور یہ کہا گیا کہ تیسویں پارہ کی آخری سورت سے درس شروع کروں' کیونکہ یہ چھوٹی سورتیں نمازوں میں پڑھی جاتی ہیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے اب اٹھائیسویں پارہ کی سورۃ الحشر کا آخری رکوع زیر درس ہے۔

اس کورس سے فارغ ہونے کے بعد ۱۹۹۱ء کے آخر میں محترم ڈاکٹر صاحب نے میری ڈیوٹی لگائی کہ میں قرآن اکیڈمی میں شعبہ خط و کتابت کورسز کے ناظم کی ذمہ داری سنبھالوں۔ چنانچہ اس وقت سے آج تک میں اعزازی طور پر خدمت قرآن کی یہ ذمہ داری سنبھالے ہوئے ہوں۔ الحمدللہ اب اس بات کو ۱۴ سال مکمل ہو گئے ہیں۔

## شعبہ خط و کتابت کورسز

شعبہ خط و کتابت کورسز میں ہم تین کورسز بذریعہ خط و کتابت کراتے ہیں۔

i) ترجمہ قرآن کریم کورس۔ یہ کورس فروری ۱۹۹۶ء سے جاری ہے۔ اس وقت طلبہ و طالبات کی تعداد ۱۴۲۳ ہے۔

ii) ابتدائی عربی گرامر کورس (I,II,III): یہ کورس تین حصوں پر مشتمل ہے۔ تینوں حصوں کا آغاز بالترتیب نومبر ۱۹۹۰' اکتوبر ۱۹۹۲ء اور مارچ ۱۹۹۷ء سے ہو چکا ہے اور ان کورسز میں طلبہ/طالبات کی تعداد بالترتیب ۲۵۸۰' ۳۳۸ اور ۱۵۹ تک پہنچ چکی ہے۔

iii) قرآن مجید کی فکری و عملی راہنمائی کورس: اس کورس کا آغاز ۱۹۸۸ء سے ہوا تھا۔ اس کورس میں طلبہ/طالبات کی تعداد ۳۶۳۸ تک پہنچ چکی ہے۔

اب آپ یہاں سے جانے کے بعد اپنے گھروں اور اپنے شہروں میں دعوت رجوع الی القرآن کو آگے بڑھائیں۔ ان میں سے جس کورس کو مناسب سمجھیں اس کا بیان شروع کر

دیں۔اس سلسلہ میں اگر آپ کو کوئی مشکلات پیش آئیں تو "where there is a will there is a way" کے مصداق کوشش کر کے کامیابی حاصل کریں۔

اس سلسلہ میں مَیں یہ کہنا چاہوں گا اگر آپ کو کسی مدد کی ضرورت ہو تو مجھے یاد کریں۔ میرا آفس قرآن اکیڈمی لاہور میں ہے' جہاں ٹیلی فون بھی ہے اور فیکس بھی ہے۔اللہ کا نام لے کر کام شروع کر دیں' اللہ آپ کا مددگار رہو!

اِن کورسز کے جو پراسپیکٹس آپ کو دیے گئے ہیں ان کے فوٹوسٹیٹس کرائے جا سکتے ہیں۔انہیں اپنے گھر کے بچوں اور طلبہ و طالبات میں تقسیم کر کے انہیں ترجمہ قرآن اور ان کورسز سے آگاہ کریں اور کورس شروع کرائیں۔منتخب نصاب کا کورس بڑوں کو اور طلبہ و طالبات کو پڑھائیں۔

آپ کو انجمن خدام القرآن اور دعوت رجوع الی القرآن سے intouch رکھنے کے لیے رسالے حکمت قرآن / میثاق بھیجے جائیں گے۔ حال ہی میں انجمن خدام القرآن نے خبرنامہ بھی جاری کیا ہے۔ یہ بھی آپ کی خدمت میں بھیجا جائے گا تاکہ آپ ان کورسز اور انجمن کے پروگرامز سے آگاہ رہیں۔ اگر آپ اپنے کورسوں کے بارے میں گاہے بگاہے آگاہ کرتے رہیں گے تو بہت ہی اچھا ہوگا۔

پروگرام زیر غور ہے کہ درس دینے والے حضرات کی سال میں ایک دفعہ Re-union منائی جایا کرے۔اس سلسلے میں ہمیں آپ کی رائے کا انتظار رہے گا۔

انوار الحق چوہدری
ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز
قرآن اکیڈمی' لاہور

میثاق' حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے انٹرنیٹ ایڈیشن
تنظیم اسلامی کی ویب سائٹ www.tanzeem.org پر ملاحظہ کیجئے۔